حضرت مولانا نور محمد ثاقب* (قسط ۱۵)

# اُصولِ حدیث

## علمِ اُصولِ حدیث میں علماء احناف کی تالیفات وتصنیفات

الحَمْدُ لِلّٰہِ ثُمَّ الحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی، وَالصَّلٰوۃ وَالسَّلام عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِینَ اصْطَفٰی، سِیَّمَا عَلٰی سَیِّدِنَا وَرَسُولِنَا مُحَمَّدِ الْمُصْطَفٰی، وَعَلٰی آلِہِ وَاَصْحَابِہِ وَمَنْ بِهَدْیِہِ اِهْتَدٰی

اَمّابعد! بندہ نے پچھلی قسطوں میں علم اُصولِ حدیث، علوم الحدیث، علم مصطلح الحدیث اور علم درایۃ الحدیث میں ہمارے علماء احناف کی سات سو (۷۰۰) کتابوں کا تذکرہ کیا تھا۔

اَب اِس علم میں اُن کی دیگر کتابیں (مصنفین کی تواریخِ وفات کی ترتیب پر) ذکر کی جاتی ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

۷۰۱. " الأحاديث الأربعون لِابن المبارك " تأليف الامام الثقة الثبت الحجّة أمير المؤمنين فى الحديث الفقيه الزّاهد المجاهد أبى عبدالرّحمٰن عبدالله بن المبارك المَرْوَزِىّ الحنفى - من مشاهير تلامذة الإمام الأعظم أبى حنيفة رحمه اللّٰه- المولود بِمَرْوَ سنة ۱۱۸ھ ، المتوفّٰى بِهِيت (مدينة على الفرات) ، منصرفًا من غزو الرّوم ، فى رمضان المبارك سنة ۱۸۱ھ.

(امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے علم کے مطابق یہ پہلی "اربعین" ہے جو کہ تصنیف کی گئی ہے۔)

۷۰۲. " كتاب المعرفة و التّاريخ " تأليف الإمام الثقة الحافظ الحجّة محدّث العراق الفقيه الزّاهد أبى سفيان وكيع بن الجَرّاح بن مليح الرّؤاسىّ الحنفى - من تلامذة الإمام الأعظم أبى حنيفة رحمه اللّٰه ، كان قد سمع منه شيئًا كثيرًا و روىٰ عنه تسعمائة حديثٍ و كان يُفتى بقولِه - المولود بِكوفة سنة ۱۲۷ھ و قيل سنة ۱۲۹ھ ، المتوفّٰى بِفيد ، منصرمًا من الحجّ فى العاشر من المحرّم ( يوم العاشوراء ) سنة ۱۹۷ھ .

۷۰۳. " مَشْيَخَةُ الكَاشْغَرى " لِلشّيخ المعمّر مُسنِد العراق أبى اسحاق ابراهيم بن عثمان بن يوسف بن

* سابق قاضی القضاۃ (چیف جسٹس) سپریم کورٹ آف افغانستان، وسابق رئیس دارالافتاء المرکزیۃ افغانستان

الأصوليّ المؤرّخ زين الدّين أبى العدل قاسم بن قُطْلُوبُغا الجَمَالىّ المصرىّ الحنفى ، المولود بالقاهرة فى المحرّم سنة ٨٠٢هـ ، المتوفّى بها ليلةَ الخميس ، الرّابع من ربيع الأوّل و قيل من ربيع الثّانى سنة ٨٧٩هـ.

٧١٤. " تخريج أحاديث تفسير أبى اللّيث السّمرقندى " تأليف الإمام المحدّث الحافظ الفقيه الأصوليّ المؤرّخ زين الدّين أبى العدل قاسم بن قُطْلُوبُغا الجَمَالىّ المصرىّ الحنفى ، المولود بالقاهرة فى المحرّم سنة ٨٠٢هـ ، المتوفّى بها ليلةَ الخميس ، الرّابع من ربيع الأوّل و قيل من ربيع الثّانى سنة ٨٧٩هـ.

٧١٥. " أربعون حديثًا عن أربعين شيخًا من شيوخ الأَقْصُرَائى " تأليف شيخ الإسلام أمين الدّين أبى زكريّا يحيى بن الشّيخ شمس الدّين محمّد بن ابراهيم بن أحمد الأَقْصُرَائىّ التّركىّ الحنفى ، المولود سنة ٧٩٥هـ ، المتوفّى فى عصر يوم الجمعة ، السّادس عشر من المحرّم سنة ٨٨٠هـ.

٧١٦. " فهرست الأَقْصُرَائى " لِشيخ الإسلام أمين الدّين أبى زكريّا يحيى بن الشّيخ شمس الدّين محمّد بن ابراهيم بن أحمد الأَقْصُرَائىّ التّركىّ الحنفى ، المولود سنة ٧٩٥هـ ، المتوفّى فى عصر يوم الجمعة ، السّادس عشر من المحرّم سنة ٨٨٠هـ.

٧١٧. " مُعْجَمُ الشّمس الأَمْشَاطِى " لِلشّيخ القاضى شمس الدّين محمّد بن الشّهاب أحمد بن حسن بن اسماعيل بن يعقوب بن اسماعيل الكَحْكَاوِىّ العَينتابِى ثُمّ القاهرى ، الأَمْشَاطِى ، الحنفى ، المولود فى السّادس عشر من ذى الحجّة أو ذى القعدة سنة ٨١١هـ ، المتوفّى ليلة الإثنين ، الخامس عشر من رمضان سنة ٨٨٥هـ.

٧١٨. " ترتيب مبهمات ابن بشكوال على أسماء الصّحابة " تأليف الشّيخ العلّامة قاضى القضاة محبّ الدّين أبى الفضل بن قاضى القضاة محبّ الدّين محمّد بن محمّد بن محمّد بن محمود بن غازى بن أيّوب بن محمود الشِّحْنَة بن ختلو،الثّقفىّ الحَلَبىّ الحنفى ، الشّهير بابن الشِّحْنَة ، المولود فى رجب سنة ٨٠٤هـ ، المتوفّى يوم الأربعاء ، السّادس عشر من المحرّم سنة ٨٩٠هـ.

٧١٩. " أربعون حديثًا عن أربعين شيخًا " تأليف الشّيخ العلّامة قاضى القضاة محبّ الدّين أبى الفضل بن قاضى القضاة محبّ الدّين محمّد بن محمّد بن محمّد بن محمود بن غازى بن أيّوب بن محمود الشِّحْنَة بن ختلو،الثّقفىّ الحَلَبىّ الحنفى ، الشّهير بابن الشِّحْنَة ، المولود فى رجب سنة ٨٠٤هـ ، المتوفّى يوم الأربعاء ، السّادس عشر من المحرّم سنة ٨٩٠هـ.

٧٢٠. " ثَبَتُ مرويّات و مسموعات و شيوخ ابن الشِّحْنَة " لِلشّيخ العلّامة قاضى القضاة محبّ الدّين أبى الفضل بن قاضى القضاة محبّ الدّين محمّد بن محمّد بن محمّد بن محمود بن غازى

بن أيوب بن محمود الشِّحْنَة بن ختلو الثقفيّ الحَلَبيّ الحنفى ، الشّهير بابن الشِّحْنَة ، المولود فى رجب سنة ۸۰٤ھ ، المتوفّٰى يوم الأربعاء ، السّادس عشر من المحرّم سنة ۸۹۰ھ.

۷۲۱. " أسانيد صحيح البخاری " تأليف الشّيخ المحدّث الأصيل زين الدّين أبى العبّاس أحمد بن أحمد بن عبداللّطيف بن أبى بكر الشّرجيّ الزَّبِيديّ اليمانيّ الحنفى ، المولود فى ليلة الجمعة ، الثّانى عشر من رمضان سنة ۸۱۱ھ ، المتوفّٰى بِزَبِيد يوم السّبت ، العاشر أو الحادى عشر من ربيع الثّانى سنة ۸۹۳ھ.

۷۲۲. " أربعون حديثًا عن أربعين شيخًا " تأليف الشّيخ فخر الدّين عثمان بن ابراهيم بن أحمد بن يوسف الكفرحيوتى الطّرابلسى ( طرابلس الشّام ) ثمّ المدنى ، الحنفى ، المولود سنة ۸۲۰ھ ، المتوفّٰى فى ذى القعدة سنة ۸۹۳ھ.

۷۲۳. " نور النّيرين فى رواية أحمد فى الصّحيحين " تأليف الشّيخ العلّامة مُسنِد الشّام فى عصره شمس الدّين أبى عبدالله محمّد بن محمّد بن علىّ بن طُولون الدّمشقيّ الصّالحيّ الحنفى ، المولود بصالحيّة دمشق سنة ۸۸۰ھ ، المتوفّٰى بها فى الحادى عشر من جمادى الأولٰى سنة ۹۵۳ھ.

۷۲٤. " مشيخة الطّالبين فى ألغاز المحدّثين " تأليف الشّيخ العلّامة مُسنِد الشّام فى عصره شمس الدّين أبى عبدالله محمّد بن محمّد بن علىّ بن طُولون الدّمشقيّ الصّالحيّ الحنفى ، المولود بصالحيّة دمشق سنة ۸۸۰ھ ، المتوفّٰى بها فى الحادى عشر من جمادى الأولٰى سنة ۹۵۳ھ.

۷۲۵. " الأربعون المتباينة الأسانيد و المتون " تأليف الشّيخ العلّامة مُسنِد الشّام فى عصره شمس الدّين أبى عبدالله محمّد بن محمّد بن علىّ بن طُولون الدّمشقيّ الصّالحيّ الحنفى ، المولود بصالحيّة دمشق سنة ۸۸۰ھ ، المتوفّٰى بها فى الحادى عشر من جمادى الأولٰى سنة ۹۵۳ھ.

۷۲٦. " الأربعون حديثًا عن أربعين صحابيًّا " ( كلّ حديثٍ منها منتقى من أربعين مفردةً بالتّصنيف فى أربعين نوعًا ) تأليف الشّيخ العلّامة مُسنِد الشّام فى عصره شمس الدّين أبى عبدالله محمّد بن محمّد بن علىّ بن طُولون الدّمشقيّ الصّالحيّ الحنفى ، المولود بصالحيّة دمشق سنة ۸۸۰ھ ، المتوفّٰى بها فى الحادى عشر من جمادى الأولٰى سنة ۹۵۳ھ.

۷۲۷. " التّاج المكلّل فى الحديث المُسَلْسَل " ( قال مؤلّفهٗ : أعنى المُسَلْسَل بِالأوّليّة ) تأليف الشّيخ العلّامة مُسنِد الشّام فى عصره شمس الدّين أبى عبدالله محمّد بن محمّد بن علىّ بن طُولون الدّمشقيّ الصّالحيّ الحنفى ، المولود بصالحيّة دمشق سنة ۸۸۰ھ ، المتوفّٰى بها فى الحادى عشر من جمادى الأولٰى سنة ۹۵۳ھ.

۷۲۸. " إعلام السّائلين عن كتب سيّد المرسلين " تأليف الشّيخ العلّامة مُسنِد الشّام في عصره شمس الدّين أبي عبدالله محمّد بن محمّد بن عليّ بن طُولون الدّمشقيّ الصّالحيّ الحنفي ، المولود بِصالحيّة دمشق سنة ۸۸۰ھ ، المتوفّى بها في الحادى عشر من جمادى الأولى سنة ۹۵۳ھ.

۷۲۹. " سُلّم الوصول الٰى طبقات الفحول " ( في التّراجم ، والكُنىٰ والانساب ، والفوائد التاريخيّة ) تأليف الشّيخ الفاضل الأديب المؤرّخ البحّاثة مصطفى بن عبدالله بن محمّد القُسطَنطِينيّ الرّوميّ الحنفي ، الشّهير بين علماء البلد بِكاتب چلپى ، و بين أهل الدّيوان بحاجي خليفة ، صاحب " كشف الظّنون عن أسامي الكتب و الفنون " ، المولود بالقسطنطينيّة في ذى القعدة سنة ۱۰۱۷ھ، المتوفّى بها في السّابع و العشرين من ذى الحجّة سنة ۱۰۶۷ھ.

۷۳۰. " كفاية الطّالب القنوع ببدائع عوالي الإسناد المرفوع " ثَبَتُ الشّيخ الفقيه المفنّن النّحويّ المجوّد أبي السّعود أحمد بن عمر الأَسقَاطِيّ المصريّ الحنفي ، المتوفّى سنة ۱۱۵۹ھ.

۷۳۱. " طِبّ القلب العليل في عوالي ابن خليل " ( و هي أربعون حديثًا من عوالي المؤلّف ) تأليف الشّيخ المحدّث الحافظ المُسنِد الرّحّالة زين الدّين أبي المفاخر عبدالقادر بن خليل بن عبدالله الرّوميّ الأصل ، المدني خطيب الحرم النّبوى ، الحنفي ، الشّهير بِكُدَك زاده ، المولود بالمدينة المنوّرة سنة ۱۱۴۰ھ ، المتوفّى بنابلس سنة ۱۱۸۷ھ.

(یہ کتاب ''جامعۃ الامام محمد بن سعود'' ریاض، سعودی عرب میں مخطوطہ کی شکل میں موجود ہے۔)

۷۳۲. " إيجاز الألفاظ لِإعانة الحُفّاظ " تأليف الشّيخ المحدّث الحافظ المتقن ، الفقيه المتبحّر الفطن محمّد عابد بن أحمد على بن محمّد مراد بن يعقوب الأنصاريّ السّندى ثمّ المدني ، الحنفي ، المولود بِبلدة سِيْوَن على شاطئ النّهر ، شمليّ حيدرآباد ، سنة ۱۱۹۰ھ تقريبًا ، المتوفّى بِالمدينة المنوّرة يوم الاثنين الثّامن عشر من ربيع الأوّل سنة ۱۲۵۷ھ ، المدفون بِالبقيع قُبلة باب عبر سيّدنا عثمان بن عفّان رضي الله عنه .

( مولف رحمہ اللہ نے اپنی کتاب کے مقدمہ میں اپنی اِس کتاب کی سبب تالیف کا ذکر فرمایا ہے، اِس کا موضوع واضح کرکے اِس کے جمع کرنے اور پیش کرنے کے اُس طریقہ کو بیان فرمایا ہے جس کی طرف کسی نے بھی اُن سے سبقت نہیں کی، چنانچہ فرمایا (ترجمہ): ''اَمابعد! جبکہ ہمارے زمانے میں حفاظِ حدیث کم پڑ گئے ہیں اور ہمارے دور کے لوگوں پر کتابوں سے احادیث روایت کرنے کا غلبہ ہوگیا ہے، حالانکہ یہ اسلاف کے طریقے کے خلاف ہے، کیونکہ گزشتہ زمانہ میں ایسے لوگ گزر چکے ہیں کہ وہ سورۂ اخلاص یاد کرنے کی طرح ہزاروں احادیث حفظ کیا کرتے تھے اور یہ اِس لئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے دین کی حفاظت کا پکا عزم رکھتے

تھے اور اِس میں شریعت مطہرہ کی زبردست توقیر وتعظیم بھی ہے۔ ہمارے زمانے میں جب کہ لوگوں پر شہوات میں انہماک، گناہوں کا ارتکاب اور خواہشات کا اتباع غالب آگیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اِن سے یہ نورِ ذہنی سلب فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں معصیت کے شرور سے محفوظ رکھے۔ (آمین)

میں نے ابتدائے جوانی کے زمانے سے علم حدیث کی قراءت، مطالعہ، کتابت اور اِس کی کتابیں جمع کرنے کیلئے کمر ہمت باندھ لی تھی... میں نے اللہ تعالیٰ سے اُن احادیث کے جمع کرنے کی دعا مانگی جو کہ ہوں تو متعدد مگر اُن کی سند ایک ہو، تا کہ اُن کا یاد اور ضبط کرنا آسان ہوجائے، تو مجھے اِس کا شرح صدر ہوگیا اور میں اِس بارے میں اللہ تعالیٰ سے توفیق کا خواستگار ہوں۔ میں نے اِس کتاب کا نام "اِیجاز الألفاظ لإعانة الحُفّاظ" رکھا جس میں میں نے سب سے پہلے امام ابوحنیفہ نعمان رحمہ اللہ، اِس کے بعد امام مالک، پھر امام شافعی، پھر امام احمد بن حنبل، پھر امام بخاری اور پھر امام مسلم (رحمہم اللہ) کی اسانید ذکر کی ہیں۔ اِس کے بعد میں نے اُن اسانید کو بھی ذکر کیا ہے جو کہ مجھے میسر آئیں اور چونکہ اِس کتاب کی تالیف، فقط حفظ سند کے واسطے ہوئی ہے اور یہ عام مصنفین کے اُس قاعدہ کے خلاف ہے کہ وہ احادیث کو اپنے متعلقہ ابواب میں ترتیب دیتے ہیں تو یہ ضروری ہے کہ میں ان شاءاللہ ہر حدیث کے مناسب ایک علیحدہ باب وضع کرونگا"

پھر مولف رحمہ اللہ نے پہلی حدیث، جو کہ حدیث جبریل ہے، أبوحنيفة عن حمّاد عن ابراهيم عن علقمة عن عبدالله بن مسعود رضی الله عنه کی سند سے، ذکر فرمائی ہے، اور اِس کے بعد اسی سند سے دیگر احادیث کو ذکر کیا ہے، تو اسی طرح اس سند سے بارہ احادیث ذکر فرمائی ہیں۔

اِس کتاب کی شرح شیخ یحیٰی بن محمد حسن ملقب بہ اخفش نے کی ہے جو نسباً علوی فاطمی ہیں اور یمن میں شیخ محمد عابد رحمہ اللہ کے شاگردوں میں سے ہیں چنانچہ انہوں اپنی اس شرح کا نام ادارۃ الألحاظ لحلّ ایجاز الألفاظ رکھا ہے۔

اور یقیناً علامہ شیخ محمد عابد رحمہ اللہ کی کتاب کی عظمت شان اور کتاب تالیف کرنے میں اُن کا یہ انوکھا انداز سامنے آیا ہے جسے اُنہوں نے اختیار کیا ہے، اور اِس جیسے انداز کی طرف کسی نے اُن سے سبقت نہیں کی، چنانچہ شارح اخفش اور شیخ سائد بکداش، بلکہ خود محمد عابد رحمہ اللہ نے بھی فرمایا ہے: علی غير قاعدة المصنفين فی ترتيب الأحاديث اور شارح نے اپنے اُستاذ شیخ محمد عابد رحمہ اللہ کی بہت زیادہ تعریف کرنے کے بعد اِس کتاب کی اِن الفاظ میں مدح کی ہے: و کان مختصر شيخنا ۔ إيجاز الألفاظ ۔ مختصرًا من أحسن المختصرات، و مؤلفًا من أجلّ المؤلفات " اور معلوم ہوتا ہے کہ شارحؒ نے یہ شرح اپنے اُستاذ شیخ محمد عابد رحمہ اللہ کے زمانہ حیات میں تحریر فرمائی ہے۔)

۷۳۳. " مجموعة الإجازات " للشّيخ المحدّث الحافظ المتقن، الفقيه المتبحّر الفطن محمّد عابد بن أحمد علی بن محمّد مراد بن يعقوب الأنصاریّ السّندی ثمّ المدنی، الحنفی، المولود ببلدة سِيْوَن علی

شاطئ النّهر ، شمالیّ حیدرآباد ، سنة ۱۱۹۰ھ تقریبًا ، المتوفّٰی بالمدینة المنوّرة یوم الإثنین الثّامن عشر من ربیع الأوّل سنة ۱۲۵۷ھ ، الملغون بالبقیع قُبالة باب قبر سیّدنا عثمان بن عفّان رضی اللّٰه عنه .

و من الإجازات الّتی کتبها الشّیخ محمّد عابد السّندی لِتلامذتِهٖ هی:

اِجازة الرّوایة لِلشّیخ الحاجّ محمّد مبارك

اِجازة الرّوایة لِلشّیخ عارِف حِکمَتْ ، الإجازة الأولٰی ، و الثّانیة

اِجازة الرّوایة لِلشّیخ السیّد ابراهیم بن حسین المخلص

اِجازة الرّوایة لِلشّیخ الشّاه عبدالغنی المحدّث الدّهلوی

اِجازة الرّوایة لِاثنی عشر من تلامذتِهٖ

اِجازة الرّوایة لِلشّیخ أبی بکر الباعلوی

اِجازة الرّوایة لِلشّیخ هاشم الجیشی

اِجازة الرّوایة لِلشّیخ عبداللّٰه البخاری ، الشّهیر بِـ : کوجك

(یہ کتاب مجموع اجازات و رسائل الامام محمد عابد السندی (جو کہ تین جلدوں میں ہے) کے ضمن میں "دارالحدیث الکتانیة " المَغرِب سے ۱۴۳۵ھجری میں طبع ہوکر شائع ہوئی ہے۔)

۷۳٤. " مجموعة اِجازات و أسانید محمّد اِسحاق الدّهلوی " لِلشّیخ الإمام العلّامة محدّث الهند المُسنِد الشّاه محمّد اِسحاق بن محمّد أفضل بن أحمد بن محمّد بن إسماعیل بن منصور بن أحمد بن محمّد بن قوام الدّین العمریّ الدّهلوی ثُمّ المکّی ، الحنفی ، سِبط الشّیخ الشّاه عبدالعزیز بن الشّاه ولیّ اللّٰه الدّهلوی ( ابن بنتِهٖ) ، المولود بِدهلی ، لِثمانٍ خلون من ذی الحجة سنة ۱۱۹٦ھ ، المتوفّٰی بمکّة المکرّمة ، یوم الإثنین لِثلاثٍ بقین من رجب سنة ۱۲٦۲ھ ، دفین المعلاة عند قبر سیّدتنا خدیجة رضی اللّٰه عنها.

۷۳۵. " مجموع اِجازات عارِف حِکمَتْ " لِلشّیخ العلّامة شهاب الدّین السیّد أحمد عارف حکمت بن ابراهیم عصمة اللّٰه بن أبی الولید اسماعیل بن ابراهیم باشا زاده الحُسَینیّ الإسلامبولیّ الحنفی ، شیخ الإسلام بالمملکة العثمانیّة ، المولود سنة ۱۲۰۱ھ ، المتوفّٰی بإصطنبول سنة ۱۲۷۲ھ .

۷۳٦. " الأسانید العالیة المتّصلة بِأربعین کتابًا من الکتب الحدیثیّة " ثَبَتُ الشّیخ العلّامة المحدّث مُسنِد بلاد الشّام الفقیه الزّاهد المعمّر أبی المحاسن السیّد محمّد بن خلیل بن ابراهیم بن محمّد بن علیّ بن محمّد المَشیشیّ الطّرابلسی ( طرابلس الشّام ) الحنفی ، الشّهیر بِالْقَاوُقْجی ، المولود سنة ۱۲۲۲ھ و قیل سنة ۱۲۲٤ھ ، المتوفّٰی بمکّة لیلة الأربعاء السّابع من ذی الحجة سنة ۱۳۰۵ھ.

مولانا محمد واضح رشید حسنی ندوی*

# یورپ کے داخلی مسائل کا جائزہ

مغربی تہذیب وتمدن کی ترقی اور بالادستی، مغرب کے سیاسی غلبہ اور اس کے نظام تعلیم وتربیت کی وجہ سے ناقابل زوال اور ناقابل تنقید نظر آتی ہے اور سمجھا جاتا ہے کہ یورپ اپنے مسائل حل کرنے کے بعد پوری دنیا کی قیادت کی قوت وصلاحیت رکھتا ہے، لیکن اگر یورپ کی سیاسی، معاشی اور سماجی حالت کا حقیقت پسندانہ جائزہ لیا جائے تو ایسی تصویر سامنے نہیں آتی ہے جس سے مستقبل کے بارے میں کچھ نیک توقعات وابستہ کی جاسکیں؛ بلکہ جو تصویر سامنے آتی ہے وہ مشرق کی تصویر سے زیادہ مختلف نہیں ہے۔

جن ملکوں پر یورپ کے اثرات زیادہ غالب رہے ہیں وہاں ذاتی مفاد اور عصبیت کی وجہ سے ظلم وستم اور حق تلفی عام ہورہی ہے، علاقائیت اور قومیت کی بنیاد پر عداوتیں پروان چڑھ رہی ہیں، رنگ ونسل اور زبان وتہذیب کے جھگڑے رونما ہورہے ہیں، اور کمزور طاقتور کے ظلم وتشدد کا تختۂ مشق بنا ہوا ہے، مظلوموں اور اقلیتوں کا زبردست استحصال ہورہا ہے۔ اس جاہلیت کے آثار زندگی کے ہر میدان میں ظاہر ہورہے ہیں۔ اور وہ نظام زندگی ختم ہوتا جارہا ہے، جس میں انسان اخلاقی اور سماجی زندگی گزارتا تھا، جس سے اجتماعی مزاج بنتا تھا۔ دنیا کے ہر حصے میں آج امتیاز وتفریق کے اسباب ومحرکات سر اٹھا رہے ہیں، پوری دنیا میں کشمکش، تفرقہ اندازی اور باہمی جھگڑوں کا دور دورہ ہے اور کوئی بھی ایسی طاقت نہیں ہے، جو ان پر کنٹرول کرسکے اور قابو پاسکے۔

علاقائیت اور قومیت کی بنیاد پر دنیا تقسیم ہوتی جارہی ہے، جس کے نتیجہ میں ایک ہی ملک مختلف ملکوں میں تقسیم ہورہا ہے، اور ایک ہی قوم کے مختلف عناصر آپس میں جنگ وجدال پر آمادہ ہیں، اس میں مذہبی اور فکری عصبیت بھی سیاسی انداز سے شامل ہوگئی ہے اور اپنے مقصد کے حصول کے لئے طاقت کا استعمال عام ہورہا ہے، افہام وتفہیم، تحمل اور رواداری کا دائرہ تنگ ہوتا جارہا ہے، یہ سارے اسباب ووسائل مغرب کی تحریکوں سے ماخوذ ہیں۔

---

* معتمد تعلیم ندوۃ العلماء لکھنو